ایک غیر مطبوعہ قلمی دستاویز

صابر تھاریانی کے گجراتی قطعات

جوش ملیح آبادی

کا منظوم اردو ترجمہ

تحقیق و تدوین

ڈاکٹر ہلال نقوی

الفاظ فاؤنڈیشن، کراچی

ایک غیر مطبوعہ قلمی دستاویز

صابر تھاریانی کے گجراتی قطعات

جوش ملیح آبادی
کا منظوم اردو ترجمہ

تحقیق و تدوین

ڈاکٹر ہلال نقوی

الفاظ فاؤنڈیشن، کراچی

پہلا ایڈیشن

۲۰۱۳ء

کمپوزنگ: ادارہ سخنور کراچی

قیمت: ۲۰۰ روپے......10 امریکی ڈالر

Alfaz Foundation Karachi

B-116/A Amroha society Sector 37-A, Scheme 33,
Gulzar-e-Higri Karachi-75290
E.Mail: alfazfoundation. dhn@ gmail.com
Phone: 021-34430588 Cell: 0346-2731947



انتساب

جوش میموریل کمیٹی، اسلام آباد کی صدر،
جوش ملیح آبادی کی پوتی .... تبسم اخلاق

اور

جوش ادبی فاؤنڈیشن، اسلام آباد کے صدر،
جوش ملیح آبادی کے نواسے...... فرخ جمال ملیح آبادی کے نام

اس امید کے ساتھ
کہ جوش صاحب کے غیر مطبوعہ ادبی اثاثے کے تحفظ و فروغ
کے لیے یہ اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے



جوش ملیح آبادی سے متعلق
ڈاکٹر ہلال نقوی کی مطبوعات

جوش ملیح آبادی کی نادر و غیر مطبوعہ تحریریں	۱۹۹۳ء	حیات اکیڈمی کراچی
عرفانیاتِ جوش	۱۹۹۳ء	ادارہ احیاءِ تراثِ اسلامی، کراچی
جوش ملیح آبادی شخصیت و فن	۲۰۰۷ء	اکادمی ادبیات پاکستان، اسلام آباد
جوش کے انقلابی مرثیے	۲۰۱۰ء	توحید اسلامک سینٹر، ناروے
اوراقِ جوش	۲۰۱۰ء	اظہار سنز لاہور
عرفانیاتِ جوش (اضافوں کے ساتھ)	۲۰۱۱ء	ادارہ احیاءِ تراثِ اسلامی، کراچی
یادوں کی برات کا قلمی نسخہ	۲۰۱۳ء	جوش لٹریری سوسائٹی، کینیڈا
صابر تھاریانی کے گجراتی قطعات		
منظوم ترجمہ جوش ملیح آبادی	۲۰۱۳ء	الفاظ فاؤنڈیشن، کراچی

زیرِ طبع

جوش ملیح آبادی، ایک اجمالی مطالعہ	اظہار سنز لاہور
روحِ اقبال پر جوش کے حواشی	ادارہ احیاءِ تراثِ اسلامی، کراچی
جوش ملیح آبادی کے انٹرویوز	اظہار سنز لاہور
جوش شناسی کا یادوں کی برات نمبر	الفاظ فاؤنڈیشن، کراچی

زیرِ ترتیب

کلیاتِ جوش ـــ جوش ملیح آبادی کی تنقیدی تحریریں ـــ جوش کے تعزیت نامے ـــ اشاریہ جوش ـــ جوش کی نظم ذاکر سے خطاب ـــ یادوں کی برات (جدید ایڈیشن) ـــ وہ غریب جوش تو مر گیا ـــ یادوں کی برات، اختلاف و اعتراف ـــ



مقدمہ

میر وسودا سے لے کر ہمارے دور تک ، اردو کے جن عظیم و اہم ترین شعراء کی شعری تخلیقات ونثری تحریریں انتہائی بے دردی سے بکھری ہوئی ہیں اُن میں اگر صرف ایک ہی نام لینا مقصود ہو تو میں بغیر کسی توقف کے جوش ملیح آبادی کا نام لوں گا، میر، سودا، غالب، انیس، اقبال اور پھر فراق، مجاز، فیض، جمیل مظہری، حفیظ جالندھری، علی سردار جعفری، ن م راشد، احمد ندیم قاسمی اور احسان دانش ان تمام شعراء کی شاعری اور دوسری تحریریں بھی تقریباً یکجا کی جا چکی ہیں ____ صرف ایک جوش ملیح آبادی ہی ہیں جن کے تمام تر ادبی اثاثے کو اب تک یکجا نہیں کیا جاسکا، انہوں نے معاصرین کے مقابلے میں یقیناً بہت لکھا ہے، غزل، نظم، رُباعیات، مرثیے، مدحیہ شاعری، دیباچے، تقاریظ، کالم نگاری، مقالات، تنقیدی مضامین، خودنوشت، خطوط، یہ سب کچھ ان کے یہاں بہت کثرت سے موجود ہے، لیکن کیا کثیر التصانیف ہونا ہی اس بات کا سبب ہے کہ انہیں یکجا نہیں کیا جاسکا۔ یقیناً یہ ایک پہلو تو ہوسکتا ہے کہ انہیں سمیٹنا قدرے مشکل تھا، یا ہے لیکن اس انتشار کا جو سب سے بڑا سبب ہے وہ یہ ہے کہ اُن پر سنجیدگی سے کام کیا ہی نہیں گیا۔

اس زاویے سے اگر بحث چھڑ گئی تو بات بہت دور تک چلی جائے گی جبکہ صابر تھاریانی اور جوش ملیح آبادی کے حوالے سے پیش نظر کتاب کے تحقیقی موضوع سے ہٹنا اس وقت درست نہیں ہوگا۔ مختصراً یہ ضرور کہا جا سکتا ہے کہ جوش صاحب کے بارے میں اردو کے متعدد ادیبوں اور نقادوں نے اپنی ادبی انرجی، ان کی زندگی اور شخصیت میں دراڑیں ڈالنے پر خرچ کی۔ دو چار قلم کاروں کے علاوہ کسی نے ان کے شعری ہنر، تخلیقی عظمت اور ان کے علمی وادبی کاموں پر اُس طرح توجہ نہیں کی جو ان کا حق تھا، ان سے تخلیقی وادبی اُنس رکھنے والوں کا یہ ملال اپنی جگہ پر کہ ان کی مطبوعات دستیاب نہیں ہوتیں لیکن ان کے قارئین کے اس اضطراب اور رنج کا بھی بظاہر کوئی مداوا نظر نہیں آتا کہ جوش صاحب کا غیر مطبوعہ ادبی اثاثہ کہیں برباد اور ضائع نہ ہو جائے۔

جوش صاحب کی گمشدہ و منتشر تحریروں کی تلاش کے لیے اور پُر پیچ سفر پر نکلے تو ایسے ایسے نوادرات کا پتہ

چلتا ہے کہ تعجب بھی ہوتا ہے اور ایک ادبی مسرت بھی! میں نے اپنے مختلف مضامین اور متعدد تحریروں میں جوش صاحب کے اس گمنام اثاثے کے احوال و آثار کا ذکر کیا ہے ☆۔ انہی میں سے ایک اس قلمی مسودے پر مشتمل یہ کتاب بھی ہے، جس میں گجراتی زبان کے شاعر صابر تھاریانی کے گجراتی قطعات کا، جوش ملیح آبادی کا کیا ہوا، انتہائی نایاب منظوم اردو ترجمہ انہی کی تحریر میں موجود ہے ___ کراچی میں مقیم گجراتی زبان کے بزرگ شاعر صابر تھاریانی کے گجراتی قطعات کا مجموعہ پہلے پہل، تقریباً نصف صدی پہلے اسی شہر سے شائع ہوا تھا پھر کچھ عرصے بعد یہ مجموعہ 'صابر کے موتی' کے نام سے اردو میں شائع ہوا۔ منظوم ترجمہ جوش صاحب کا کیا ہوا تھا۔ اس اردو مجموعے کی اشاعت کو بھی چھیالیس برس گزر گئے۔ ۱۹۶۷ء میں جب یہ مجموعہ شائع ہوا تو صابر تھاریانی نے کچھ اردو زبان و ادب کے شائقین میں، جبکہ بیشتر گجراتی بولنے والوں میں اسے تقسیم کیا کچھ کتابیں کراچی سے باہر بھی پہنچیں پھر یہ مجموعہ قطعی نایاب ہو گیا۔ جوش صاحب کے منظوم تراجم کے ذیل میں اس کی ادبی اہمیت اس لیے قائم ہوتی ہے کہ اس کا ہر شعر اور ہر مصرع انتساب سے لے کر آخری حصے تک جوش صاحب ہی کے قلم سے ہو کر گزرا ہے ___ اس پر تفصیلی گفتگو ذرا بعد میں کی جائے گی پہلے کچھ تذکرہ صابر تھاریانی کا ضروری ہے تا کہ قارئین یہ سمجھ سکیں کے صابر تھاریانی کون تھے ___ ؟ اور ان کا جوش صاحب سے کیا تعلق تھا ___ ؟

صابر تھاریانی بیسویں صدی کے عشرۂ اوّل میں بمبئی میں پیدا ہوئے نام ان کا عبدالحسین تھا، انہوں نے نوعمری ہی سے گجراتی، پھر انگریزی اور رفتہ رفتہ اردو میں بھی شعر کہنے شروع کیے، پڑھے لکھے گھرانے کے فرد تھے۔ ان کے دادا پروفیسر تھاریانی کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ مسلمانانِ ہند میں وہ دوسرے ایم اے تھے، فارسی زبان سے انہیں گہرا شغف تھا اور وہ اس ادبیات کے استاد بھی تھے۔ صحافی بھی تھے، جس کے اثرات ان کے پوتے تک پہنچے۔ سید نائب حسین نے صحافت میں صابر تھاریانی کی خدمات کا جائزہ لیتے ہوئے یہ بات لکھی ہے کہ:

> '___ صابر صاحب نے اپنے زمانۂ تعلیم ہی سے زندگی کی جدوجہد میں حصہ لینا شروع کر دیا تھا جو زیادہ تر فکر اور قلم پر مبنی ہوتا تھا۔ آپ کے پاس اتنا سرمایہ تو نہ تھا کہ ماہنامہ یا ہفتہ وار جریدہ شائع کرتے، مگر ایک قلمی ویکلی مرتب کر کے اپنی قومی لائبریری کو دے دیتے تھے جو بڑے شوق سے پڑھا جاتا تھا اور اس میں پیش کی ہوئی تجویزوں سے عوام خاطر خواہ مستفیض ہوتے تھے۔ یہ قانونِ فطرت ہے کہ قدرت کسی کی سعیٔ پیہم کو جو نیک ارادوں پر مبنی ہو رائیگاں نہیں جانے دیتی۔

☆ ___ اپنی تازہ کتاب 'یادوں کی برات کا قلمی نسخہ اور اس کے غیر مطبوعہ و گمشدہ اوراق ایک تحقیقی دریافت' کے مقدمے میں جوش صاحب کے منتشر ادبی اثاثے کا راقم السطور نے بالتفصیل تذکرہ کیا ہے۔

چنانچہ رفتہ رفتہ وہ دن آیا کہ آپ نے 'مسلم آواز' کے نام سے ایک ہفتہ وار اخبار نکالا جسے توقعات سے زیادہ مقبولیت حاصل ہوئی۔ کچھ دن کے بعد ایسے وسائل بہم پہنچے کہ آپ نے تین زبانوں (اردو، انگریزی اور گجراتی) میں روزنامہ 'آواز' کی اشاعت شروع کر دی جس کے بعد آپ کی صحافت کی 'بمبئی' اور مضافات میں دھوم مچ گئی۔ حسنِ اتفاق سے اسی زمانے میں قائد اعظم نے اتحادِ مسلمین کا نعرہ بلند کیا اور اس مقصد کی ترویج کے لیے اس نظریے کے معتقدین نے ایک اخبار کی اشاعت کا منصوبہ بنایا۔ کئی لاکھ کے سرمائے سے اخبار نکالنے کی اسکیم مرتب کی گئی اور قائد اعظم نے 'بمبئی' کے ہزار ہا مسلمانوں کے مجمع میں، جو مختلف فرقوں کے فرزندانِ توحید پر مشتمل تھا، عبدالحسین صاحب صابر تھاریانی کو اس کی ادارت کے لیے منتخب فرمایا۔ یہ روزنامہ گجراتی زبان میں 'وطن' کے نام سے بڑی آب و تاب کے ساتھ منظرِ عام پر آیا اور نہایت کامیابی اور قبولِ عام کے ساتھ قائد اعظم کی سرپرستی میں قوم و ملت کی خدمت انجام دیتا رہا۔____' ☆

یہ اقتباس صابر تھاریانی کی بنیادی شخصیت کی تصویر پیش کر دیتا ہے۔ قیامِ پاکستان کے بعد 'بمبئی' سے ہجرت کر کے جو گجراتی گھرانے کراچی آ کر آباد ہوئے اُن میں صابر تھاریانی کا خاندان بھی تھا۔ اس شہر میں دو حوالوں سے وہ جانے پہچانے گئے۔ ایک تو ان وہ ہنرمندی تھی جو انہیں عمارت ساز ہونے کے سبب حاصل تھی۔ وہ ایک بڑے آرکیٹکٹ تھے۔ اگرچہ گجراتی شاعری میں انہیں ایک ایسا درجہ حاصل تھا کہ گجراتی زبان و صحافت کی ممتاز شخصیت فخر ماتری نے انہیں گجراتی شاعری کا امام کہا ہے لیکن کراچی میں اردو کے فروغ اور یہاں منعقدہ شعری نشستوں نے انہیں اردو شاعری سے بھی بہت قریب کیا۔ اردو لغت نویسی اور رثائی شاعری کی انتہائی ممتاز شخصیت نسیم امروہوی کے سامنے انہوں نے زانوئے تلمذ طے کیا۔ ۱ ☆

یہ ۶۵/۱۹۶۴ء کا زمانہ تھا جب جوش ملیح آبادی نے کراچی کے نوآباد علاقے فیڈرل بی ایریا کے بلاک ۵

☆ ____ پیش گفت، دیوان صابر، بمن زاد پبلی کیشن، کراچی، ۱۹۷۱ء ص: ۵

☆ ۱ ____ پاکستان میں نسیم امروہوی کی زیادہ شہرت بحیثیت مرثیہ نگار قائم ہوئی لیکن وہ رثائی شاعری کے علاوہ اردو زبان و لسانیات کی بھی اہم شخصیت تھے۔ ان کی مرتبہ لغت 'نسیم اللغات' کو فرہنگ نگاری و لغت سازی کی تاریخ میں ایک خاص حیثیت حاصل ہے۔ اگر یہ کہا جائے تو بے جا نہیں ہوگا کہ صابر تھاریانی نے ان سے اردو زبان و بیان کا ایک طرح سے درس بھی لیا۔ ان کی غزلوں کا مجموعہ 'دیوان صابر' (۱۹۷۱ء) اور ان کی مذہبی شاعری کی بیاض 'گلدستۂ عقیدت' (۱۹۷۰ء) نسیم امروہوی کی اصلاح سے آراستہ ہے۔ نسیم امروہوی کی ادبی خدمات پر مشتمل کتاب 'عرفانِ نسیم' (۱۹۷۴ء) میں راقم الحروف کا مضمون 'نسیم امروہوی کے تلامذہ' شامل ہے جس میں صابر تھاریانی کا بھی تذکرہ کیا گیا ہے۔

میں ایک ہزار گز پر مشتمل اپنے پلاٹ ۱۳۸۔ ڈی پر گھر کی تعمیر کا ارادہ کیا۔ منور عباس ایڈووکیٹ اور نسیم امروہوی نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ اس سلسلے میں صابر تھاریانی سے رجوع کریں۔ کراچی کے معروف وکیل منور عباس جوش صاحب کے قریبی حلقۂ احباب میں تھے جبکہ نسیم امروہوی ترقی اردو بورڈ کی سب سے بڑی لغت کی تشکیل وتہذیب کے سفر میں جوش صاحب کے ہم رکاب تھے۔ منور عباس صاحب نے مجھے یہ بات بتائی تھی کہ جب صابر تھاریانی جوش صاحب سے ملے تو جوش صاحب انہیں پہچان گئے کہ بمبئی میں صابر صاحب سے ان کی ملاقاتیں ہوئیں تھیں ـــــ صابر تھاریانی نے بہت توجہ اور لگن سے جوش صاحب کے مکان کی تعمیر اور صورت گری میں بے لوث کردار ادا کیا جس سے جوش صاحب بھی بہت متاثر ہوئے اور ان کے دل میں صابر تھاریانی کے لیے اخلاص و مروّت کا جذبہ اُجاگر ہوتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ یادوں کی برات کے ایک باب، میرے پاکستانی دوست' میں، انہوں نے صابر تھاریانی کا تذکرہ بہت محبت اور سادہ دلی کے ساتھ کیا ـــــ ☆

'ـــــ وہ عظیم عمارت گر (آرکی ٹکٹ) اور صوفی مزاج شاعر ہیں۔ ان کے دماغ میں ہزاروں تاج محل کسمساتے اور سربہ فلک عمارتوں میں تبدیل ہو کر اُن کی خلاقی کا ثبوت پیش کرتے رہتے ہیں۔ میرے مکان "بیت الشرف" کا نقشا بھی انھوں نے ہی بنایا تھا، اگر میرا خطرناک ٹھیکہ دار جس کا نام اکرم ہے، اس کی صورت نہ بگاڑ دیتا تو آج میرا مکان دیکھنے کے قابل ہوتا۔ اُن کی مادری زبان گجراتی ہے، لیکن، گجراتی کی طرح، وہ اردو میں بھی، شعر کہتے ہیں، اُن کی شاعری انسان دوستی سے بھری ہوئی ہے۔ میں نے اُن کے چند گجراتی قطعات کا اردو میں ترجمہ کیا ہے، جو "صابر کے موتی" کے نام سے شائع ہو چکا ہے، وہ میرے پرانے، بمبئی کے زمانے سے، دوست ہیں۔ ہمارے درمیان دوستی کی پائے داری، ایک عجیب چیز ہے۔ میں حدود شکن رند ہوں، وہ متقی اور عبرت ناک حد تک متقی ہیں۔ اور یہ نباہ اس بناء پر ہو رہا ہے کہ وہ محبت کی بناء پر میری رندی سے مصالحت کر چکے ہیں، اور میں، وسعتِ قلب کے باعث، اُن کے تقوے کو معاف کر چکا ہوں اور ہماری دوستی:

تم ، ظلم چھوڑ دیتے ، ہم ، ترک آہ کرتے
کچھ تم نباہ کرتے ، کچھ ہم نباہ کرتے

کے جادے پر قدم رکھتی چلی جا رہی ہے ـــــ '

☆ ـــــ راقم السطور کی کتاب یادوں کی برات کا قلمی نسخہ جسے حال ہی جوش لٹریری سوسائٹی، کینیڈا نے شائع کیا ہے اس میں وہ غیر مطبوعہ اوراق بھی پہلی مرتبہ شامل کیے گئے ہیں جو اب تک لاپتہ تھے انہی میں ایک باب 'میرے پاکستانی دوست' کا بھی ہے۔ جس میں دوسرے احباب کے ساتھ صابر تھاریانی پر بھی جوش صاحب نے لکھا ہے۔

جوش صاحب کے منظوم ترجمے کے ساتھ جب شعری مجموعہ 'صابر کے موتی' منظرِ عام پر آیا تو اس میں جوش صاحب کا لکھا ہوا
ایک تعارفی صفحہ بھی تھا۔ اس کے دو اقتباس میں یہاں نقل کر رہا ہوں۔

پہلا اقتباس:

'____ یہ ان کے قطعات کا مجموعہ ہے 'صابر کے موتی' کے نام سے۔ میں بدقسمتی سے گجراتی جانتا نہیں اس لیے میں نے صابر صاحب سے درخواست کی کہ وہ اپنے ہر قطعے کے نیچے اردو ترجمہ درج کرا کے میرے حوالے کر دیں۔ جب ترجمہ میرے سامنے آیا تو میری آنکھیں کھل گئیں میں تو ان کے متعلق صرف اس قدر جانتا تھا کہ وہ فنِ تعمیر کے بہت بڑے ماہر ہیں اب پتہ چلا کہ وہ نام خدا شاعر بھی ہیں، اور اچھے شاعر ہیں۔ یعنی اگر ایک طرف وہ شاہ جہاں کے مانند تاج محل تعمیر کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں تو دوسری طرف کبیر داس کے مانند وہ اپنی شاعری کے ذریعے سے حبِ نوعِ انسان کا درس بھی دے سکتے ہیں ____'

دوسرا اقتباس:

'____ میں نے 'صابر کے موتی' کا اردو ترجمہ کیا اور کوشش کی ہے کہ صابر صاحب کے بنیادی خیالات میں کوئی فرق نہ آنے پائے البتہ زیبِ داستاں کے طور پر کہیں کہیں کچھ بیل بوٹے بڑھا دیے ہیں لیکن اصل کی معنویت پر آنچ نہیں آنے دی ہے ____'

راقم السطور کے ذخیرۂ نوادرات میں اس کا جو قلمی نسخہ محفوظ ہے ____ ☆ وہ اصل حقائق تک ہمیں لے جاتا ہے

☆ ____ صابر تھاریانی کے کئی شعری مسودات اور کچھ بیاضیں میں نے نسیم امروہوی صاحب کے پاس دیکھی تھیں۔ جس میں ان کی غزلیں بھی تھیں، مذہبی قطعات، قصائد اور مرثیے بھی تھے۔ وہ اکثر نسیم صاحب کے پاس آیا کرتے تھے، ان بیاضوں کو نکالتے اور اُن سے مشورۂ سخن کیا کرتے تھے۔ جو منظومات درست ہو جاتیں وہ صاف صاف دوبارہ نقل کر لیتے تھے۔ کبھی اصل مسودات لے جاتے تھے کبھی نسیم صاحب کی کتابوں کی الماری ہی میں وہ رکھے رہتے۔ اُن کی گجراتی شاعری کے بھی کئی اوراق انھی الماریوں میں نظر آتے ____ صابر تھاریانی بہت متین، بردبار اور سنجیدہ طبیعت رکھتے تھے۔ اہلِ علم کی قدردانی میں ان کا سلوک لائقِ تحسین تھا وہ اگرچہ عمر میں نسیم صاحب سے ایک دو سال بڑے ہی تھے لیکن اپنے استاد کا احترام ہمیشہ ان کے پیشِ نظر رہتا ____ قلمی مسودات کے بارے میں میرے تحقیقی انہماک اور ذوقِ تلاش و جستجو کو دیکھتے ہوئے نسیم امروہوی صاحب نے ۱۹۷۴ء میں صابر تھاریانی کی یہ قلمی بیاض مجھے عطا کی تھی جس میں جوش صاحب کے کیے ہوئے منظوم ترجمے شامل تھے۔ 'صابر کے موتی' کی اشاعت کے بعد یہ اصل قلمی مسودہ صابر صاحب نسیم صاحب کی کتابوں کی الماری میں رکھ گئے تھے۔ اس کی جلد کھلی ہوئی تھی اور اس قلمی بیاض کے چند ابتدائی صفحات ضائع ہو گئے تھے، یا وہ کتابت کے وقت کاتب کے پاس رہ گئے تھے۔

'صابر کے موتی' میں کیوں کہ گجراتی حصہ شامل نہیں کیا گیا تھا اس لیے صرف اردو حصے کو دیکھ کر یہ جاننا مشکل تھا کہ جوش صاحب نے زیبِ داستاں کے لیے جو بیل بوٹے بڑھائے ہیں اُن کی شعری نوعیت کیا ہے اور ان اضافوں کی ادبی قدر کا تعین کیوں کر کیا جائے۔ لیکن اصل مسودے سے یہ بات پتہ چلتی ہے کہ گجراتی اشعار کے ساتھ صابر تھاریانی نے اردو میں جوش صاحب کے لیے اس کا کچھ مربوط اور کچھ بے ربط ترجمہ ہر صفحے پر کیا (یا کسی سے کرایا) اور پھر اسی صفحے پر جوش صاحب نے اسے منظوم قالب میں ڈھال دیا۔ ان کو پڑھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ جوش صاحب کے بیل بوٹوں نے کیسا شعری گلستان سجادیا ہے۔

رابندر ناتھ ٹیگور پر لکھتے ہوئے، جوش صاحب نے، یادوں کی برات میں اس زاویۂ خیال پر کہ شاعری کا ترجمہ ہو ہی نہیں سکتا۔ بہت جاندار اور پُر جمال پیرایۂ اظہار میں اپنے نقطۂ نظر کی وضاحت کی ہے۔ اگرچہ یہ اقتباس طویل ہے لیکن پیش نظر کتاب کے موضوع سے کیونکہ بہت نزدیک ہے اس لیے اپنے قاری کے لیے ہم اسے شامل کر رہے ہیں۔

جوش صاحب لکھتے ہیں:

'____ میرا یہ دعویٰ ہے کہ شاعری ایک ایسی انوکھی اور دور از دست چیز ہے کہ اس کا ترجمہ قطعی طور پر ہو ہی نہیں سکتا۔ ترجمہ گھن ہے، اور شاعری آبگینہ، ترجمہ سنداں ہے، اور شاعری سبو، ترجمہ تُند ہوا کا تھپیڑا ہے اور شاعری، دریائے تخیل کا حباب، اور میرے اس دعوے کے ثبوت میں طلب فرما لیجیے شاعری کے ان تمام ترجموں کو، جو اس دنیا میں آج تک ہو چکے ہیں، اور مجھ کو یقین ہے کہ جب وہ خانۂ شہادت میں آئیں گے تو میری ہی موافقت میں گواہی دیں گے، اور اس سلسلے میں اگر آپ عمیق نظر سے ان کا مطالعہ فرمائیں گے تو آپ خود دیکھ لیں گے کہ وہ تراجم سونے کی ڈھیریاں نہیں، مٹی کے ڈھیلے اور سچ کے لالہ و گل نہیں، کاغذ یا پلاسٹک کے پھول ہیں۔

میں یہ مان لینے پر اپنے کو آمادہ کر سکتا ہوں کہ شاعری کے ناقابلِ شمار دھاروں میں سے فقط ایک دھارے کو، کسی حد تک ترجمے کی گرفت میں لایا جا سکتا ہے، جس کو فکری شاعری کہتے ہیں، یعنی جہاں تک کہ شاعر کے مرکزی پیام اور اُس کے ٹھوس خیالات، فرمودات، نظریات، اور کلیات کا تعلق ہے، اُن کا تقریباً کامیاب ترجمہ ہو سکتا ہے۔

لیکن شاعری کی وہ طلسمی و ناقابلِ فہم فضائے بلند، جہاں الفاظ، لغات سے بغاوت کر کے آزادی حاصل کرتے اور اپنے سروں پر جدید معانی کے عمامے باندھ لیتے ہیں، جہاں لہجوں کی ایک ایک کروٹ سے نو بہ نو مطالب کے صد ہا لشکر نکل پڑتے ہیں۔ جہاں دو مختلف النسل لفظوں کے امتزاج سے تازہ بہ تازہ مفاہیم کی ایک نئی نسل کو معرضِ وجود میں لایا جاتا ہے جہاں طوافِ حرم کو

رقص اور رقص کو طواف حرم کے سانچے میں ڈھالا جاتا ہے، جہاں اکائی کے دائرے میں اعداد کے میلے ہوا کرتے ہیں۔ جہاں دو دو کا مجموعہ چار نہیں بلکہ ایک ہوتا ہے، جہاں نفی کے دوش پر اثبات کا قلم لہرایا جاتا ہے۔ جہاں تلوار سے ڈھال، اور ڈھال سے تلوار کا کام لیا جاتا ہے، جہاں نشتروں کی نوک سے، زخموں میں ٹانکے دیئے جاتے ہیں، جہاں سبو کے بلوریں دستے سے دروازے پر دستک دی جاتی ہے، جہاں، کانٹے گنگناتے اور کلیاں کراہتیں ہیں۔ جہاں موتیوں سے آنسو، اور آنسوؤں سے موتی برسا کرتے ہیں، جہاں ایوانوں کے کناؤ میں کٹاریاں مچلتی ہیں۔ اور اولوں کے مسامات سے چنگاریاں اُڑتی ہیں جہاں، ڈوب جانے کے بعد ناخدا کا منصب ملتا ہے، جہاں درک کر شیشے جڑ جاتے ہیں۔ جہاں تانوں کے تیشوں سے مجسمے تراشے جاتے ہیں۔ جہاں نوحوں کی گود میں راگنیاں پلتی اور راگنیوں کی چھاؤں میں نوحے پروان چڑھتے ہیں۔ جہاں پلکوں کی نوک پر آسمان تولے جاتے ہیں، جہاں پاؤں کی لکیروں سے زمین ناپی جاتی ہے۔ جہاں ذہن کے سوپ میں اجرام پھٹکے جاتے ہیں۔ جہاں شعور کی چھلنی میں کائنات چھانی جاتی ہے، جہاں، ذرّوں کے شہروں میں تارے بسائے اور تاروں کی انگنائیوں میں ذرّوں کے خیام نصب کیے جاتے ہیں۔ جہاں اوس میں الاؤ جلتے ہیں۔ الاؤ کی گھومتی گاتی آنچ میں زہرا کی کمر بل کھاتی ہے۔ اور کمر کی لچک سے دو دھاری تلواریں نکل پڑتی ہیں۔ جہاں بوئے گل، گیت بن جاتی، اور گیت مہ جبینوں کا پیکر اختیار کر کے، صحن چمن میں بھاؤ بتانے لگتا ہے۔ جہاں صداؤں اور ہواؤں کو دیکھا اور چکھا جاتا ہے، جہاں آوازوں کی لہریں، فولاد کے جگر میں تیرائی جاتی ہیں۔ جہاں تتلی کے پروں کی دھاریاں، چٹانوں میں شگاف ڈال دیتی ہیں۔ جہاں خود شناس جُزویت، اپنے ماتھے پر کلیت کا تاج کج کر کے، پورے کو اپنے جوڑ میں لپیٹ لیتی ہے! جہاں سانولے جھٹپٹے کی کوکھ سے بے شمار سُہانے دھندلکے پیدا ہوتے رہتے ہیں، جہاں نفس کی مضراب سے نظامِ شمسی کو بجایا جاتا ہے۔ جہاں میدان جنگ کی گھن گرج توپوں کی آوازیں، آدھی رات کا سناٹا بن جاتیں، اور آدھی رات کا سناٹا، کوٹھے سے گری ہوئی تھالی کی جھنکار میں تبدیل ہو جاتا ہے، اور جس آفاق بدوش یادگار میں، رقصاں و گریزاں دقیقوں کی ہتھیلیوں پر، کروڑوں اور اربوں صدیاں تھرکتی نظر آتی ہیں ___ وہاں پہنچ کر جب مترجم نگاہ اُٹھاتا ہے، تو اس کی ٹوپی گر جاتی ہے☆ ___'

☆ ___ 'یادوں کی برات کا قلمی نسخہ اور اس کے گمشدہ و غیر مطبوعہ اوراق ایک تحقیقی دریافت' تحقیق و تدوین، ڈاکٹر ہلال نقوی، ناشر جوش لٹریری سوسائٹی کیلگری، کینیڈا ۲۰۱۳ء، ص:۳۵۶-۳۵۷

جوش صاحب اپنے شعری احساسات میں جن ارفع تخیلات سے لبریز ہیں، اس کی ایک متحرک اور زندہ تصویر اس اقتباس میں ہمیں نظر آتی ہے۔ خود ان کی شاعری کا انگریزی ترجمہ بعض بڑی شخصیات نے کیا ہے☆ لیکن وہ اپنے اس نظریے میں راسخ ہیں کہ 'شاعری کا ترجمہ ہو ہی نہیں سکتا' جب وہ زور دے کر یہ بات کہتے ہیں کہ 'ہو ہی نہیں سکتا' تو اس سے ان کی مراد یقیناً یہ نہیں ہوتی کہ ترجمہ ہو ہی نہیں سکتا ___ بالکل ہو سکتا ہے، لیکن جوش صاحب شعریت اور ادبی عظمت کی جس بلندی اور رفعتِ خیال کے رفیع الدرجات پر پرواز کی جس انتہا سے یہ بات کہتے ہیں وہاں سے نظر آنے والی ہر فکر، اور ہر جذبہ مدھم ہی نظر آتا ہے اور وہ یہ اعلان کر دیتے ہیں کہ شاعری کا ترجمہ ہو ہی نہیں سکتا۔ ترجمہ کرنے والا۔ شاعر کے احساس کی ہر پنکھڑی کے رنگ اور خوشبو کو چھو ہی نہیں سکتا ___ لیکن جوش صاحب کے جو چند منظوم تراجم قارئینِ ادب کی نظر سے گزرے ہیں وہ اس بات کی تائید کریں گے کہ اگر ترجمہ نگار تخلیق کار، کا قلم اور اس کے خیال کی ماورائی روش مصنف کے احساس کی دڑونی کروٹوں تک رسائی رکھتی ہو تو بسا اوقات ترجمہ اصل تخلیق سے بھی زیادہ اُجاگر ہو سکتا ہے۔ جوش صاحب نے کچھ منظوم تراجم کیے ہیں ان کی تفصیل میں جانے کا یہ موقع نہیں البتہ صابر تھاریانی کی گجراتی شاعری کا ان کا منظوم اردو ترجمہ چونکا ضرور دیتا ہے۔ شاعری میں صابر تھاریانی کے استاد، ماہرِ لسانیات اور ممتاز مرثیہ نگار شاعر نسیم امروہوی سے مجھے جوش صاحب کے منظوم ترجمے کا جو قلمی مسودہ ملا ہے اس کے کچھ صفحات تو اپنی خستگی یا کاتب کے پاس رہ جانے کی وجہ سے ضائع ہو گئے اس کے باوجود اس کتاب میں صابر تھاریانی کے ۱۰۰ سے زیادہ ایسے گجراتی قطعات ہیں جن کو جوش صاحب نے اردو میں شعری وجود عطا کیا یہ کام بھی انہوں نے روا روی اور عجلت ہی میں کیا 'ماہ ابر کے موتی' کے پیش لفظ میں انہوں نے یہ بات کہی ہے کہ:

' ___ اگر زندگی مجھ کو فرصت دیتی تو یہ ترجمہ اور بھی نکھر جاتا۔ مگر کیا کروں، گونا گوں مشاغل کے ہجوم میں جو کچھ قلم برداشتہ بن پڑا ہے اسے پیش کر رہا ہوں، ___ '

ان سب کے باوجود اس منظوم ترجمے میں شعریت و ادبیت کے امتزاج کے پہلو بہ پہلو صابر تھاریانی کی تخیلاتی و فکری پہنچ سے بہت آگے کی بات تخلیقی تابناکی کے ساتھ دیکھی جا سکتی ہے۔ عجلت میں کیے گئے اس منظوم ترجمے میں گجراتی قطعات کا کم و بیش تہائی حصہ رُباعیات کے سانچے میں ڈھل گیا ہے۔ جہاں خیال کی یکساں روش یکجا ہو گئی ہے وہاں ترجمہ کی ہوئی رُباعی فکری مماثلت میں خود جوش صاحب کی رُباعی سے قریب تر ہو گئی ہے:

☆ ___ سروجنی نائیڈو نے جوش صاحب کی نظم طلوعِ سحر کا ترجمہ کیا اور رابندر ناتھ ٹیگور کو سنایا (یادوں کی برات، ص: ۲۰۹)۔ سجاد ظہیر نے بھی ایک موقع پر جوش صاحب کے اشعار کا انگریزی ترجمہ کیا تھا (روشنائی، ص: ۴۸۷) بمبئی میں ایک تقریب میں جوش صاحب اپنی نظم حرفِ آخر سنا رہے تھے اور خواجہ احمد عباس براہِ راست اس کا ترجمہ بھی کر رہے تھے (جوش بنام شاعر، ص: ۱۵)۔

مبنی ہے فریب پر مرا ذوقِ سجود
اوچھا ہے قیام ، اور جھوٹا ہے قعود
جتنا بھی بظاہر نظر آتا ہوں قریب
اتنا ہی تجھ سے دور ہوں اے معبود

جیسا کہ گزشتہ کسی صفحے پر یہ ذکر کیا گیا ہے کہ تقریباً چھیالیس برس پہلے جب صابر تھاریانی نے اپنا مجموعہ 'صابر کے موتی' شائع کیا تو اس میں نہ گجراتی حصہ تھا نہ اس کا اردو ترجمہ، صرف جوش صاحب کا منظوم ترجمہ تھا ___ اس کو پڑھتے ہوئے بعض مصرعے کھٹکتے تھے کہ ان میں کوئی جھول تھا یا وہ خارج از بحر تھے کیونکہ جوش صاحب جیسے تخلیق کار کا نام ساتھ جڑا ہوا تھا تو ایک تشویش تھی کہ ایسا کیوں ہے ___ لیکن جب یہ قلمی مسودہ دسترس میں آیا تو اندازہ ہوا کہ کتنے ہی مصرعے تھے جو کاتب نے بے بحر لکھ دیے تھے جبکہ اصل میں ایسا نہیں تھا۔ صابر تھاریانی نے بھی شاید کتابت شدہ حصے کو غور سے نہیں دیکھا تھا ___ اس کی دو چار مثالیں دیکھ لیجئے:

(مطبوعہ)	ہم وہ ہیں کہ دشتِ بلا سے گزرے
(قلمی)	ہم وہ ہیں کہ جس دشتِ بلا سے گزرے
(مطبوعہ)	نے کی جو تمنا ہے اے بندۂ عشق
(مسودہ)	نے کی جو تمنا ہے تو اے بندۂ عشق
(مطبوعہ)	اے شمع حقیقت ہم تیرے ہیں پروانے
(قلمی)	اے شمع حقیقت ہم تیرے ہیں وہ پروانے
(مطبوعہ)	اب خم پہ صراحی بھی جھکائی نہیں جاتی
(قلمی)	اب خم پہ صراحی بھی جھکائی نہیں جاتی
(مطبوعہ)	ہستی وہ قیامت کے دل روتا تھا
(قلمی)	ہستی وہ قیامت تھی کہ دل روتا تھا
(مطبوعہ)	جو نور سے چھلکے وہ مری ذات نہیں ہے
(قلمی)	جو نور سے جھلکے وہ مری ذات نہیں ہے

قلمی مسودے کو دیکھ کر یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ قطعات و رُباعیات کے عنوان جوش صاحب نے قائم نہیں کیے انہوں نے صرف منظوم ترجمہ کیا۔ صابر تھاریانی نے مفہوم کو نظر میں رکھ کر خود ہی عنوان لکھ دیے۔

جوش ملیح آبادی کی زندگی کا طویل سفر جو ملیح آباد و لکھنؤ سے شروع ہو کر دکن، دہلی، بمبئی، پونا، کراچی اور

اسلام آباد تک پھیلا ہوا ہے اس میں انہوں نے شاعری کے ساتھ ساتھ بہت اہم نثری خدمات بھی انجام دیں، ان کی ان گنت تحریروں اور قلمی مسودوں کا اثاثہ ابھی اردو زبان وادب کی نظروں سے پوشیدہ ہے۔ اگر بہت بے لوث ہو کر اور ادب دوستی کے صادق جذبوں کی سرشاری میں ان پر کام کیا جاتا رہے تو ہماری تہذیبی وادبی تاریخ ایک بڑے قیمتی ادبی ذخیرے کی دریافت کے سفر میں یقیناً کامیاب ہو جائے گی اور یوں ہم ایک عظیم تخلیق کار کے مستند کاموں سے ادب کو آگاہ کر سکیں گے۔

مقدمے کے آخر میں، صابر تھاریانی مرحوم کے فرزند جناب سلیم تھاریانی کا مجھے خصوصی تذکرہ کرنا ہے کہ وہ نہ صرف اپنے والد کی اردو دوستی کے روشن چراغ کو لے کر آگے بڑھ رہے ہیں بلکہ گجراتی تہذیب و ثقافت اور زبان ولسانیات میں ہمہ وقت رہتے ہوئے بھی اردو سے آگہی کا سفر جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اُن کی دیرینہ آرزو تھی اور ہے کہ ان کے والد کے ادبی کاموں کو ضائع نہ ہونے دیا جائے۔ جب انہیں اس قلمی مسودے کی دریافت اور اس کی اشاعت کی اطلاع ملی تو انہوں نے الفاظ فاؤنڈیشن سے دامے، درمے اور سخنے جو تعاون کیا ہے اس کے لیے میں خصوصی طور پر ان کا شکر گزار ہوں۔


۱۳ر مئی ۲۰۱۳ء

ڈاکٹر ہلال نقوی
وزیٹنگ فیکلٹی، پاکستان اسٹڈی سینٹر،
کراچی یونیورسٹی



فہرست

صفحہ نمبر ۱۸ سے صفحہ نمبر ۱۲۵ تک
منظوم ترجمۂ جوش



غیر مطبوعہ قلمی دستاویز

کتاب کے آدھے صفحات عکس تحریر پر مشتمل ہیں
اور باقی آدھے صفحات پر
انہی عکس تحریر کی تحریریں اردو کمپوزنگ میں موجود ہیں

غیر مطبوعہ ہر قلمی صفحہ
جوش ملیح آبادی اور صابر تھاریانی کی تحریروں پر مشتمل ہے

عکس تحریر کے ہر صفحے پر صابر تھاریانی نے
جوش صاحب کے لیے اپنے گجراتی قطعات کا اردو ترجمہ کیا ہے
جسے بنیاد بنا کر جوش صاحب نے صابر تھاریانی کے خیال کو شعری لباس عطا کیا



جگر دے

بخشش مجھ کو میرے دل کو انور جو اثر دے
شاید وہ نور نکلوں دل کو وہ نظر دے
خدایا تو مجھے اپنے فضل و کرم سے
محبت کر سکوں وہ جگر دے

تابندگیٔ شمس و قمر دے مجھ کو
جو پاک ہو، وہ دل، وہ جگر دے مجھ کو
ہر گوشۂ ہستی میں تجھے دیکھ سکوں
اے نورِ دو عالم، وہ نظر دے مجھ کو

ઉજાર છે

મને મુજ દિલ માંહી કાંઇ અસર છે
નિહાળું નૂર એ દિલને નજર છે
ખુદાયા હું મને તારી કૃપાથી
તને ચાહી શકું - એવું ઉજાર છે


امانت

خدا کا ایک عطیہ ہے زندگی
یہ نہ سمجھ تیری ملکیت ہے زندگی
تبھی فلاح پائے گی زندگی صابر
تو سمجھ لے ایک امانت ہے زندگی

અમાનત !

છે ખુદાની એક ઇનાયત જિંદગી
ના સમજ છે તારી મિલકત જિંદગી
તો જ 'સાબિર' જિંદગી થાશે સફળ
તું સમજ છે એક અમાનત જિંદગી

آرائش ہی ہوا و ہوس میں تلف نہ کر
شایانِ قدر و ذرِ خود عزت ہے زندگی
دنیا میں [illegible]
[illegible] خدا [illegible] صابر قدم [illegible]



جگر دے

مجھے میرے دل کے اندر کچھ اثر دے

مشاہدہ نور کا کروں دل کو وہ نظر دے عطا

خدایا تو مجھے اپنے فضل و کرم سے

تجھ سے محبت کر سکوں وہ جگر دے

جگر دے

تابندگیٔ شمس و قمر دے مجھ کو

جو پاک ہو، وہ دل، وہ جگر دے مجھ کو

ہر گوشۂ ہستی میں تجھے دیکھ سکوں

اے نورِ دو عالم، وہ نظر دے مجھ کو



امانت

خدا کا ایک عطیہ ہے زندگی یہ نہ سمجھ تیری ملکیت ہے زندگی

تب ہی فلاح پائے گی زندگی صابرؔ تو سمجھ کہ ایک امانت ہے زندگی

امانت

اک سانس بھی ہوا و ہوس میں تلف نہ کر

شایانِ قدر و در خورِ عزت ہے زندگی

دُنیا میں پھونک پھونک کے صابرؔ قدم اُٹھا

تیری نہیں خدا کی امانت ہے زندگی



حقیقی زندگی

کون کہتا ہے زندگی فانی ہے - فقط فانی ہے
سہارے حاصل کر کے تو دیکھو کیا ہے زندگانی
محبت میں جان تصدق کر کے میں کہتا ہوں
حقیقی زندگی کو اب میں نے پہچانی

ખરી જિંદગી

કહે કોઈ કે જિંદગી છે જ ફાની
ખરીને ભલે તે ભુલાય જિંદગાની
મહોબતમાં હું આજ આપી કહું છું
ખરી જિંદગીને હવે મેં પિછાની

راحت - دوسرا حل

نیک بن کر نیک اپنا انجام کر
آخرت میں نیک اپنا نام کر
تحصیل آسودگی کا باب آسان ہے
ضمیر کو سکھا کے راحت کو آرام کر

આરામ

નેક થઈને નેક કામ અંજામ કર
આખિરતમાં નેક તારું નામ કર
સુખનું સંપાદન થયું આસાન છે
આત્માને આરામ દઈ આરામ કર

حقیقی زندگی

کون کہتا ہے زندگی فانی ہے۔ زندگی ہے محض فانی

مر کے حاصل کر کے تو دیکھ کیا ہے زندگانی

محبت میں جان تصدق کر کے میں کہتا ہوں

حقیقی زندگی تو اب ہے میں نے پہچانی

حقیقی زندگی

جُز عشق کہیں نہ شادمانی پائی

مرنے ہی میں صرف زندگانی پائی

فانی ہستی کی جب بُجھا دی قندیل

تو شمعِ حیاتِ جاودانی پائی



راحت۔ آسودہ حالی۔ نیک بن کر نیک اپنا انجام کر۔ آخرت میں نیک اپنا نام کر

سکھ، خوش نصیبی، مسرت۔ تحصیل آسودگی نہایت آسان ہے

غیر کو پہنچا کے راحت و آرام کر

آرام

خود کو، بد بن کر نہ تو، بدنام کر

جس کا نیک انجام ہو، وہ کام کر

کس قدر آسان ہے، پیارے خوشی

غیر کو آرام دے، آرام کر



سنسار -

زندگی میں مقصد حیات کو تو بلند کر

(سار کی بنیاد پر اساس سنسار ہے)

સંસાર.

સાર એ છે તો જીવન આધાર છે
એ નથી એ તો બધું બેકાર છે
કર જીવનમાં તું જીવન મકસદ બુલંદ
સારની બુનિયાદ પર સંસાર છે

લાજ

ગરૂરી છે છુપી મારા નમનમાં
પ્રપંચો છે ભર્યાં મારા ચલનમાં
મરહુની યાદ રહેમતે લાજ રાખે
હું જગડગતો રહ્યો કભી જીવનમાં

سنسار

زندگی گر بامقصد ہے تو زندگی سہارا ہے۔ رکن استوار ہے

گر یہ نہیں تو سب بیکار ہے

زندگی میں مقصدِ حیات کو تو بلند کر

اساس مقصدِ اساس سنسار ہے(٠٠٠٠ کی بنیاد پر اساس سنسار ہے

مقصد

منزل جو نہ ہو کوئی نظر کے آگے
تو زیست ہے ایک سرگرانی اے دل!
مقصد سے بھلا ہات اُٹھالوں کیوں کر
مقصد تو ہے جانِ زندگانی ، اے دل



لاج

غرور پوشیدہ ہے میری تواضع میں۔ چلن میرا پرے ہے دغابازوں سے

موت کے بعد رحمت میری لاج رکھے۔ میں دُنیا کو ٹھکتا رہا زندگی میں

فریب

دھوکا نہ کھاؤ میری تواضع فریب ہے
شعلے بھڑک رہے ہیں مرے لالہ زار میں
پَروردۂ غرور ہے میری فروتنی
تلوار کی لچک ہے مرے انکسار میں



وطن

وطن کا قرض کثیر الاحسان ہے
اپنے مفاد پر ہمہ دم ... ہے
خدا کی محبت اولیت حاصل ہے
حب وطن بھی تو من الایمان ہے

وطن کا قرض زیر بار احسان ہے
پھر اسکے احسان کا نہ شکر دھیان ہے
حب خدا کو بیشک مقدم ہے یہ بھی
پر حب وطن بھی تو من الایمان ہے

વતન

વતનમાં જ વધુ ખુશબુમાં છે
જે સ્નેહ [illegible] વતન ચાહવામાં છે
ખુદાને પ્રેમ છે દિલથી - ખરો
વતનનો પ્રેમ પણ ઇમાનમાં છે

وطن سے پیار کرو [illegible]

ریاکار

تواضع میں ہو خلوص انکسار
اس میں ریا نہ دنیا داری کی چالبازی ہو

દંભી !

جنت نصیب بنتے ہیں جو اوروں کے لیے
تا عمر وہ دوزخ میں رہا کرتے ہیں
دنیا کو قریب سے لکھتے ہیں نصیب
وہ لوگ جو دنیا کو بنا دیتے ہیں

નમનમાં છે નિખાલસતા નમનની
ન એમાં વાત છે દંભી ચલનની
પ્રપંચી ના કશા દુનિયાને ખાતિર
દમન દુઃખ છે ખરી વાત દમનની

وطن

وطن کا تو رہینِ کثیر الاحسان ہے......اس کے فیضان ترے ذہن میں نہیں ہیں
خدا کی محبت کو بیشک اوّلیت حاصل ہے......حب وطن ہی تو من الایمان ہے
وطن کا تو بہت زیر بار احسان ہے...... پر اس کے احسانوں کا نہ تجھ کو دھیان ہے
حب خدا کو بیشک مقدم ہے ہر شے پر...... پر حُب وطن بھی تو "من الایمان" ہے

وطن

وطن کے ہیں کروروں تجھ پر احسان
چڑھایا ہے تجھے اس نے ہی پروان
خدا ہر چیز سے ہے بالا ، مانا !
مگر حُبِ وطن بھی تو ہے ایمان



ریاکار

تواضع میں ہو خلوصِ انکسار......اس میں ریاکارانہ چلن کی چالبازی نہ ہو
مکر و فریب سے دُنیا کو دھوکہ نہ دے......ترا کلام ترے عمل کا آئینہ دار ہو

فریبِ دُنیا

جنت نہیں بنتے ہیں جو اوروں کے لیے
تا عمر وہ دوزخ میں رہا کرتے ہیں
دُنیا کے فریب سے نکلتے ہی نہیں
وہ لوگ جو دُنیا کو دغا دیتے ہیں



نور

بوقت شب ہزار غم پالیں ہیں
ہجوم غم پالیں ہیں
[illegible] تون یار پالی ہے
[illegible] بن [illegible] بوقت شب [illegible]
[illegible] کیان صبح [illegible] پالی ہے

નૂર

જે રાતમાં વાગ ઉજાસ ત્યારે
[illegible]
[illegible]
[illegible]

ہجوم یاس در شب [illegible]
[illegible]
[illegible]

زندگی سہانی کے ساتھ ہی [illegible]
[illegible] حیات پیدا کر [illegible]
جل کے خاک ہو جا [illegible] تو پیدا کر
[illegible]
[illegible] آرام پیدا کر

[illegible]

પેદા કર !

જીવન [illegible] જીવી જીવન [illegible] પેદા કર
[illegible] [illegible] [illegible] પેદા કર
[illegible]
[illegible] પેદા કર

نور

بوقتِ شب ہزار غم پاس ہیں۔ ہجومِ غم پاس نہیں...... نہ دوست ہے نہ کوئی یار پاس نہیں
میں جس کی تمنا بہ وقتِ شب کر رہا ہوں...... وہ نور کہاں صبح کے پاس ہے

نور

ہجومِ یاس و شبِ تیرہ گوں ہے اور میں ہوں
نشاں امید کے قدموں کے دور دور نہیں
سیاہ پوش ہیں جس کے لیے مری راتیں
طلوعِ صبح کے مکھڑے پہ بھی وہ نور نہیں



زندگی سچائی کے ساتھ جی کر مال حیات پیدا کر۔ حیات کا انجام پیدا کر
جگر کی خاک سے جامہائے محبت تو پیدا کر
جل کے خاکستر ہو جا صابر غم کے شعلوں میں...... یہاں صعوبتیں اٹھا کر حشر میں آرام پیدا کر

ہار ڈالا ہے کبھی

کوثر و تسنیم کے پانی کی ہے تجھ کو ہوس
زندگی کو آگ کے سانچے میں ڈھالا ہے کبھی
سازِ حورانِ خنک آواز کے امیدوار
سوزِ پنہاں کے سمندر کو کھنگالا ہے کبھی
سچ بتا آنسو پرو کر ہچکیوں کے تار میں
گردنِ ہستی میں تو نے ہار ڈالا ہے کبھی



بتصویر   محبوبی   مورت

میں خدا کی بندگی کرتا ہوں یا اپنے اندر کی

~~کوئی نہیں جانتا~~

بجز میرے نہیں جانتا بات اندر کی

ہر جانتے کوئی جانتا ہوں فقط میں بات اندر کی

میں جھکتا ہوں و تجھ [illegible] کے سینکڑوں بتوں کو

خیالی دیوتاؤں سے بہتر ہے

مورت پتھر کی

તસ્વીર

કરૂં છું બંદગી અલ્લાહુની કે મારા અંતરની
ન જાણે કોઈ બસ હું એક જાણું વાત અંદરની
નમું છું સેંકડો બુતને હૃદયના બુતકદામાં હું
ખયાલી દેવતાઓથી ભલી તસ્વીર પથ્થરની

سجدہ تو کعبے کو سمجھتا ہے، لیکن
تیرے لئے خود اپنی ہستی ہے
خود پرستی، خدا کے بہروپ میں
اس سے بہتر تو بت پرستی ہے!

ایمان

کتاب میں ہے وفا پیمان (حضرت) انسان میں:
آخرت [illegible] پر نہ اسکا دھیان ہے
کیا تھا کیا ہو گیا ابلیس دیکھ!
(ایمان) زندگی سخت ہے ایمان میں:—

ازباد حیات ایمان سخت ہے

بے وفائی [illegible] جب کبھی گردن
[illegible] ہے خار [illegible]
[illegible]
نور سے [illegible]
[illegible]

ઇમાનમાં

બેવફાઇઓ મળે ઇન્સાનમાં
આખેરત તો છે ન એના ધ્યાનમાં
શું હતો ને શું થયો ઇબલીસ જો !
જિંદગાની સખત છે ઇમાનમાં

صورت

میں خدا کی بندگی کرتا ہوں یا اپنے مافی الضمیر کی...... بہ جز میرے نہیں جانتا بات اندر کی

نہ جانے کوئی جانتا ہوں فقط میں بات اندر کی

جھکتا ہوں، بتکدۂ دل کے سیکڑوں بتوں کو...... خیالی دیوتاؤں سے بہتر ہے

مورت پتھر کی

خود پرستی

منھ تو کعبہ کی سمت ہے، لیکن
تیرے آگے خود اپنی ہستی ہے
خود پرستی خدا کے پردے میں
اس سے بہتر تو بُت پرستی ہے



دستیاب ہیں بے وفائیاں (حضرت) انسان میں...... آخرت پر نہ اس کا دھیان ہے

کیا تھا کیا ہو گیا ابلیس دیکھ

(امتحان) زندگی سخت ہے ایمان میں۔ حیات ایمانی سخت ہے

بغاوت

بندگی میں نہ جب جھکی گردن
پھول سے خار بن گیا شیطان
اُف بغاوت کا کیا ہوا انجام
نور سے نار بن گیا شیطان



مناجاتیں

[illegible]

جلوہ و کیوں زمیں میں عجز و صبر نذر و نیاز
[illegible] میں کیوں ہو تو میری حصولِ مقصد کو تشنگی
ہو فیروز سے کیوں [illegible] پیدا ہوتا ہے
داستان کیوں نہیں میری دعائیں

[illegible]

પ્રાર્થનાઓ

આપજે હાં મને આરાધનાઓ
ચાહજે હાં મને ખુબ સાધનાઓ
મને હાં [illegible] પર વિચાર આવે !
આ હાં અર્પું મારી પ્રાર્થનાઓ !

[illegible]

دل اگر خود [illegible] یقین رکھو
[illegible] سینے میں [illegible]
تو [illegible] منزل [illegible]
[illegible] حاصل [illegible]

વિજય

મન એ નિજ પર આવરણ નાખી શકે
આમને સીનામાં એ છુપાવી શકે
તે પછી હું એની ખબર શું કહું
એ પરાજયમાં વિજય પામી શકે

فتح کر لیتے گے خودی کی سلطنت
تم، اگر سر لیتے گے، پتھا مار کر
دل میں صبا ہے اگر محکم یقین
[illegible] کر جیت لیتے گے، مار کر

مناجاتیں

بھلاوہ کیوں دیتی ہیں مجھ کو یہ نذر نیازیں

پریشان کرتی، ستاتی ہیں کیوں مجھ کو میری حصولِ مقصد کی کوششیں۔ مجھے غیروں سے کیوں تنفر پیدا ہوتا ہے، رائیگاں کیوں گئیں میری دعائیں...... میری عبادتیں، نذر و نیاز، مناجاتیں کیوں گمراہ سرگرداں کر رہی ہیں بلاوے دے رہی ہیں...... حصولِ مقصد کی کوششیں مجھے کیوں پریشان کر رہی ہیں مجھے اوروں سے کیوں...... عناد و تنفر ہے، میری مناجاتیں کیوں رائیگاں گئیں

مُناجاتیں

نذریں بھی گئیں خالی سجدے بھی نہ کام آئے
سب عرش نے رد کر دیں صابرؔ مری سوغاتیں
اللہ کے بندوں سے، نفرت جو ہوئی مجھ کو
بے کار گئیں ساری افسوس مُناجاتیں



فتح، کامیابی

دل اگر خود اپنے پر یقین نہ رکھ سکے، غم کو اگر سینے میں دفن کر سکے۔ تو پھر اس کی منزل کا کیا کہوں شکست میں بھی فتح حاصل کر سکے

فتح

فتح کر لیں گے خوشی کی سلطنت
غم اگر سہہ لیں گے، پتّا مار کر
دل میں صابرؔ ہے اگر محکم یقیں
زندگی کو، جیت لیں گے ہار کر

کلی

گلشن کے پھول مرجھا جائیں گے - بہاریں آئیں گی اور جائیں گی
لیکن محبت کے [illegible] کلیاں کھلیں گی وہ کبھی
نہیں مرجھائیں گی

કળી !

સુમન ગુલશન તણું ચીમળાઇ જાશે
વસંતો આવીને બદલાઇ જાશે
પરંતુ પ્રેમ છોડે ખીલનારી
કળીઓ ના કદી કરમાઇ જાશે

[illegible]
[illegible] محبت کی کلیاں [illegible]

[illegible] مطالعہ کرنے والا خواندہ

ہائے میری زندگی کیوں کسی کے لئے مشعل راہ نہیں - [illegible]
محبت سے محروم ہوں پر لائق محبت نہیں
جسکو جگر کے دل کے خون سے لکھی
اس کتاب کا کیوں کوئی خواندہ نہیں

کیوں میری حیات کا نہیں کھلتا باب
[illegible]
[illegible] کتاب

વાચક

હાય ! મારી જિંદગી કાં પ્રેરણાદાયક નથી
પ્રેમથી છું દૂર પણ કાં પ્રેમને લાયક નથી
જિંદગીમાં મેં હૃદયના રક્તથી જેને લખી
પ્રેમની એ પુસ્તિકાનો કાં કોઇ વાચક નથી

کلی

گلشن کے پھول مرجھا جائیں گے، بہاریں آئیں گی اور جائیں گی
لیکن محبت کے پیڑوں میں جو کلیاں کھلیں گی......وہ کبھی نہیں مرجھائیں گی

محبت کی کلی

جو اوروں کے گھر میں جلائیں گے شمعیں
انہیں کی جبینیں جھلکتی رہیں گی
اُجڑ جائے گا ہر گلستانِ عالم
محبت کی کلیاں چٹکتی رہیں گی



مطالعہ کرنے والا۔ خوانده

ہائے میری زندگی کیوں کسی کے لئے مشعلِ راہ نہیں، باعثِ ہدایت نہیں
محبت سے مملو ہے پر لائقِ محبت نہیں
جس کو میں نے دل کے خون سے لکھی
اس کتاب کا کیوں کوئی خوانده نہیں

صد حیف

کیوں میری ہدایت کا نہیں کھلتا باب
میرے ساغر میں ہے محبت کی شراب
صد حیف کہ پڑھتا ہی نہیں کوئی اسے
میں نے جو خونِ دل سے لکھی ہے کتاب



اثر تاثیر

نظر آتا ہے وہی کیوں شمس و قمر میں
زندگی زندگی نہ رہی
اب جلوہ فرما ہو گیا اثر میں
تاثیر ہے اسکی نظروں میں بھری
نظر میں

آسماں کا نور جیسے شمس و قمر میں
اسکی آنکھوں ساتھ حسن ہے
شاعر آواز آفاق
یہ کیا تاثیر اسکی نظر میں ہے!

અસર

દિસે છે એમ હું રાચેલ કબરમાં
ઉત્તમ આવ્યું ઉત્તમ એની અસરમાં
હવે ત્યારે વધે આંખો દૂરે છે
અમાપ તાસીર છે એની નજરમાં

قیامت

کاش بے جبر شہادت دیکھ کر دل بھا ہے
مر ہوا ظالم بد سے بد تر دیکھ کر
زندگی میں ایسی قیامت خیز زندگی دیکھ کر
یوم حشر ایسا نہ دیکھا محشر کو دیکھ کر

کیا

بیٹی قیامت دل
تھا
پہنچ کر تھا
دیکھی جو قیامت تو بس یاد آیا
دنیا سے آئی پہلے ہی حشر تھا

કયામત

દુનિયા ટકી ગઇ છે, જિંદગી અમર આવી
મરનાર છે સમ અવિરત આવતી આવનાર આવી
એક કયામતનું ઉત્તમ પ્રતિબિંબ આવ્યું ઉત્તમ મારી
દુનિયામાં કોઇ નવું જોયું ન અંધેરા આવી

جینے میں زندگی بھر ایسی قیامت خیز تھی
کہ اب حشر تو دیکھا یوم الحشر تو کیا
کوئی نئی چیز اب اپنی دنیوی زندگی
میں نہ دیکھی پھر ایسی کوئی چیز یا بات نہ پائی

اثر۔تاثیر

نظر آتا ہے وہی کیوں شمس و قمر میں......زندگی، زندگی بن گئی اس کے اثر میں
اب چاروں طرف آنکھیں پھرتی ہیں......بلا کی تاثیر ہے اس کی نظر میں

تاثیر

اُسی کا نور ہے شمس و قمر میں
اسی کی تاب ہے لعل و گہر میں
نگاہوں میں ہیں اب انوارِ آفاق
یہ کیا تاثیر تھی اس کی نظر میں



قیامت

کانپ رہی ہے قساوت سنگِ دل دیکھ کر......لرزہ براندام صبر ہے ظالم بدسے بدتر دیکھ کر
زندگی میں ایسی قیامت خیز زندگی صابر پائی......یومِ حشر کچھ نیا نہ دیکھا محشر کو دیکھ کر
میں نے زندگی پر ہر ایسی قیامت خیز پائی تھی......کہ جب حشر کو دیکھا یوم الحشر تو اس میں
کوئی نئی چیز لینے کے میں نے اپنی دنیوی زندگی میں نہ دیکھی ہو ایسی کوئی چیز یا بات نہ پائی

قیامت

ہستی وہ قیامت تھی کہ دل روتا تھا
ہر صبح کو، آنسوؤں سے منہ دھوتا تھا
دیکھی جو قیامت تو ہمیں یاد آیا
دُنیا میں تو ہر آن یہی ہوتا تھا



کبھی تو زندگی کو شغلِ رقص و جام کر دے
کبھی تو تشنگی کو ختم یا رِفا کر دے
کبھی ایک جامِ درماں سے یہ دل شاد مار غم
کسی دن، درد تو سب، دل کو آرام کر دے

زندگانی میں محبت کا پیغام دے
تشنگی سے لب پر کبھی تو جام دے
~~[illegible]~~
درد راز راحت کے خاطر
کسی دن تو درد کو موقعٔ آرام دے

રાહત

જિંદગીમાં પ્રેમના પૈગામ દે
પ્યાસના હોઠે કદી તો જામ દે
ભેદ રાહતના સમજવા કાજ હું
કોઇ દી' તો રંજને આરામ દે

تقدیر

دلِ بے ستقی

دل میں حسن کی تصویر کہاں ہے
جگر میں محبت کی تاثیر کہاں ہے
نظر پر پڑے جب جانے تجھے دیکھوں
جنم کی قلعہ پہ تقدیر کہاں ہے

جو نور سے جھلکے وہ مری ذات نہیں ہے
جھلکے جو تارے، وہ مری رات نہیں ہے
بس تو ہی نظر آئے، جب بھی آنکھ اٹھاؤں
شاید مری تقدیر میں یہ بات نہیں ہے

તકદીર

હ્રદયમાં રૂપની તસ્વીર ક્યાં છે?
જિગરમાં પ્રેમની તાસીર ક્યાં છે?
નજર ક્યાં મુજ પડે હું જોઉં એને
નયનનાં એ ભલાં તકદીર ક્યાં છે?

زندگی میں محبت کا پیغام دے
تشنگی کے لب پر کبھی تو جام دے
درکِ رازِ راحت کے خاطر
کسی دن تو رنج کو موقعۂ آرام دے

رقص

کبھی تو زندگی کو شغلِ رقص و جام کرنے دے!
کبھی تو پختگی کو مشقِ کارِ خام کرنے دے
کبھی احساسِ درماں سے بھی دل کو شادماں فرما
کسی دن، درد کو بھی دو گھڑی آرام کرنے دے



دل پہ نقش۔ تقدیر
دل میں حسن کی تصویر کہاں ہے
جگر میں محبت کی تاثیر کہاں ہے
نظر میری جدھر جائے تجھ کو دیکھوں...... چشم کی بھلا یہ تقدیر کہاں ہے

تقدیر

جو نور سے جھلکے، وہ مری ذات نہیں ہے
چھلکائے جو تارے، وہ مری رات نہیں ہے
بس تو ہی نظر آئے، جدھر آنکھ اُٹھاؤں!
شاید مری تقدیر میں یہ بات نہیں ہے



ناسور کے

ایسے راگ نکال کہ منصور ہو جا
پریم میں محو ہو غرقاب و مخمور ہو جا
بانسری کے سر سے گر ہے شغف تجھکو
اے دل چھلنی بن جا ناسور ہو جا

નાસુર

સૂર એવા કાઢ કે મન્સૂર થા
પ્રેમમાં તલ્લીન થા—ચકચૂર થા
વાંસળીના સૂર જો તુજને ગમે
હે હૃદય ! વીંધાઇ જા ! નાસૂર થા

સુમન

જેનું જતન કર્યું મેં ગુલશનમાં ખાર થઇને
સાચવ્યું જેને દિલમાં હમદર્દ યાર થઇને
ના પાનખર થકી પણ કરમાઇ એ જરી જો
ખિલ્યાં સુમન છે મનમાં એના વિચાર થઇને

ناسور نے

ایسے راگ نکال کے ہم سفرِ منصور ہو جا...... ہمہ تن محبت میں غرقاب و مخمور ہو جا

بانسری کے سُر سے گر ہے شغف تجھ کو...... اے دل چھلنی بن جا ناسور ہو جا

غربال

دے، نعرۂ منصور کے چھالے دل کو

کر دے، آفات کے حوالے دل کو

نَے کی جو تمنا ہے تو اے بندۂ عشق

لازم ہے کہ غربال بنا لے دل کو



پھول

جس کا جشن میں نے کیا گلشن میں خار بن کر

سنبھالا جس کو دل میں ہمدردیار بن کر

نہ خزاں بن کے مرجھائیں گے وہ اگر

دل میں جو خیال بن کر کھلے ہیں

پھول

ہوتے ہی نہیں دستِ خزاں سے کبھی چاک

باغوں کے گریبان سلے رہتے ہیں

تخئیل کے گل زار میں کھلتے ہیں جو پھول

تا روزِ قیامت وہ کھلے رہتے ہیں



شانِ زندگی

જિંદગીની શાન

જિંદગીમાં એની કીમત હાય! અંકાતી નથી
સામને જે હોય છે તેની કદર થાતી નથી
ના મરણ કરતે ખુદા પેદા, હતી એને ખબર
જિંદગીમાં જિંદગીની શાન સમજાતી નથી

આભાર

હૃદયના ભલા ભવ્ય આચાર ક્યાં છે?
નિખાલસ મહોબ્બત–ભર્યો પ્યાર ક્યાં છે?
સખાવત તો છે પણ શરાફત નથી ત્યાં
ભલાઇના છે ભાર – આભાર ક્યાં છે?

شانِ زندگی

زندگی میں اس کی قدر و قیمت کا اندازہ ہائے کیوں نہیں کیا جاتا

شے جو، پیش نظر ہوتی ہے، جس کی قدر ہوتی نہیں...... خدا موت کو پیدا نہ کرتا (میر) اسے خبر تھی

زندگی میں زندگی کی شان کا درک ہوتا ہی نہیں

شانِ زندگی

جو شے موجود ہے، اس کی کوئی پروا نہیں کرتا
بشر روتا ہے، اس نعمت پہ جو معدوم ہو جائے
خدا نے اس لئے پیدا کیا ہے موت کو یارو!
کہ قدرِ زندگی انسان کو معلوم ہو جائے



لوگ جو بھلائی کر رہے ہیں وہ کس اعلیٰ اخلاقی جذبے کے تحت کر رہے ہیں

نہ اس میں خلوصِ محبت ہے نہ حقیقی چاہت کا جذبہ ہے

یعنی جذبہ محبت اور خالص ہمدردی کے تحت وہ نیکی نہیں کر رہے

سخاوت تو ضرور کر رہے ہیں لیکن کریم النفسی کا اس میں شائبہ تک نہیں

بارِ احسان تو ہے حسن کرم کہاں ہے...... احسان یا بارِ احسان تو ہے لیکن اقرارِ جاں میں صداقت نہیں

گناہ

واللہ کہ دھوکے کی محبت ہے گناہ
حقّا کہ دکھاوے کی سخاوت ہے گناہ
نیت میں فتور ہو تو ہر خیر ہے جرم
دل ہی نہ جھکے جب تو عبادت ہے گناہ

સવાર

જુલમ પરથી પ્રેમ થાએ છે નિસાર
ક્રૂરતાઓમાં નજર આવે છે પ્યાર
દિલના દાગોના પ્રકાશિત નૂરથી
જિન્દગીની સાંજ પણ દીસે સવાર

દીદાર !

જીવનમાં છે હજી પણ સાંર બાકી
સિતમગરનો હજી છે પ્યાર બાકી
તમન્ના એના દર્શનની મને છે
ખુદાયા રાખજે દીદાર બાકી.

صبح

ظلم پر محبت ہوتی ہے نثار...... جفاؤں میں جفا میں نظر آتا ہے مجھ کو پیار

داغ ہائے دل سے منور روشنی میں...... زندگی کی شام بھی صبح نظر آتی ہے...... داغ ہائے دل سے تاباں نور ہے

داغ دل سے تاباں جو نور ہے اس میں
زندگی کی شام بھی صبح نظر آتی ہے

صبح

بے رنگ فضا پہ مسکرائے گلشن
شایانِ محبت نظر آئے دشمن
شب کے ماتھے پہ صبح تاباں جھلکی
داغِ دل کے اُفق سے پھوٹی جو کرن



دیدار

زندگی میں اب بھی کچھ وزن باقی ہے...... ستم گر کا ابھی تک پیار باقی ہے

مجھے اس کے دیدار کی تمنا باقی ہے...... خدایا رکھنا دیدار باقی

دیدار

الٰہی دھڑکتا ہے جب تک مرا دل
محبت کا آزار باقی رہے
اجل سے نہ جب تک کہ ہوں بند آنکھیں
تمنائے دیدار باقی رہے



زندگی تار - ساز حیات کے تار

اجل آ جاتی ہے اچانک سب کچھ ٹوٹ جاتی ہے

(حباب امید یعنی) بلبلے امید کے پل بھر میں پھوٹ جاتے ہیں

[illegible]

જીવન તાર

કાળ આવીને અચાનક સર્વ તૂટી જાય છે
એક પળમાં આશાના પરપોટા ફૂટી જાય છે
આટલું સમજી એ આશા બાંધનારા બાંધજો
તાર પળમાં શ્વાસની વિણાના તૂટી જાય છે

[illegible]

سب آدمی زیر زمیں چلے جاتے ہیں۔
لیکن جانے والا دنیا کی کچھ خیر خبر دیتا نہیں
[illegible] واپس آتا نہیں - عجیب تماشے ہیں [illegible] زیر زمیں

[illegible]

તમાશા

ચાલ્યા જાય છે માનવી ભોંય અંદર
જઇને ન દે કંઇ ખબર કે ન અંતર
ફરીને કોઇ કેમ પલટે કદી ના
અજબ છે તમાશાઓ ધરતીની અંદર

زندگی کے تار۔سازِ حیات کے تار

اجل آکر اچانک سب کچھ لوٹ جاتی ہے

(حباب امید ہیں) بلبلے امید کے پل بھر میں پھوٹ جاتے ہیں

اتنا سمجھ کر امید باندھنے والے امیدیں باندھنا

سانس کے......تار پل بھر میں ٹوٹ جاتے ہیں

ربابِ زندگی

تا کجا لہروں پہ ناچے گا حبابِ زندگی
موت ہے، ہاں موت ہے تعبیر خوابِ زندگی
اے مغنّی، کچھ خبر بھی ہے تجھے اس بات کی
ایک پل میں ٹوٹ جاتا ہے ربابِ زندگی



جب آدمی زیرِ زمین چلے جاتے ہیں، لیکن جانے والا وہاں کی کچھ خیر خبر دیتا نہیں

وہاں جا کر سیر کر کے پھر کوئی واپس آتا نہیں

عجیب تماشے ہو رہے ہیں زیرِ زمیں

تماشے

ہزار افسوس اس کی بھی نہیں ہے کچھ خبر مجھ کو
کہ اندھی خاک کے آغوش میں ہیں نازنیں کیا کیا!
اُدھر سے کوئی آ جاتا اگر تو، پوچھتا اس سے
تماشے ہو رہے ہے خیر سے زیرِ زمیں کیا کیا



حنا

رنگ دینے میں مشہور حنا کا نام ہے
مٹ کے ہو کر فنا رنگ دینا اس کا کام ہے
ترے ... اوروں کی خاطر ہو فنا
(کیونکہ) سرخ روئی آخری انجام ہے

હિના !

રંગ દેવામાં હિનાનું નામ છે
થઇ ફના રંગ આપવું એ કામ છે
છુપે 'સાબિર' અન્ય માટે થા ફના
સુર્ખરૂઇ આ ખરી અંજામ છે

ઇન્સાનિયત

ન દુશ્મન પર કદી તું વાર કરજે
મળે મોકો તને તો પ્યાર કરજે
ખરી ઇન્સાનિયતના પાઠ દેવા
ન શત્રુને કદી લાચાર કરજે

حنا

رنگ دینے میں مشہور حنا کا نام ہے...... ہو کر فنا رنگِ دنیا یہ اس کا کام ہے
تو بھی اوروں کی خاطر ہوا فنا...... (کیونکہ) سرخ روئی آخری انجام ہے

مہندی

اے دل، اے دل رفیقِ انساں ہو جا
خود اپنے ہی خون میں پر افشاں ہو جا
مہندی کی طرح ذوقِ وفا سے پس کر
دُنیا کی ہتھیلی پہ گلستاں ہو جا



انسانیت

ہرگز نہ دشمن پر وار کرنا
ملے موقع اگر تجھ کو تو پیار کرنا
حقیقی انسانیت کے سبق سکھانے کے لئے
دشمن کو بھی مجبور نہ کرنا

انسانیت

یہ آدمی ہیں خدا کے بندے
کبھی کسی پر نہ وار کرنا
اگر بھلا چاہتا ہے اپنا
تو دشمنوں سے بھی پیار کرنا



جھنکار

الفت سے اگر یہ زندگی دور ہے
تو پھر وہ رنگ سے [illegible] معمور ہے
اگر سنے نہ تو درد کی (الم انگیز) جھنکار تو
زندگی حیات بے آہنگ ہے

آنسو جن میں نہیں، وہ آنکھیں ہیں بے کار
جو درد سے خالی ہے، وہ دل ہے بیمار
گونگا ہو جائیں [illegible] زبانِ عشرت
[illegible] اگر نہ آئے ترنم کی جھنکار

ઝણકાર

પ્રેમથી આ જિંદગી જો દૂર છે
તો પછી એ રંગથી ભરપૂર છે
ઘેનમાં તું ના સુણે ઝણકાર જો
તો જીવનની રાગણી બેસૂર છે

کرلو دے دو

گر طالب عزت ہے اوروں کی عزت کرلو
گر طالب الفت ہے اوروں سے الفت کرلو
یہ قانون ہے قدرت کا ہے اصل
راحت چاہے تو اوروں کو راحت دے دو

આપું હું

જો ચાહે ઇબાદત તો ઇબાદત આપું હું
જો ચાહે ઉલ્ફત તો ઉલ્ફત આપું હું
છે અચળ કુદરત તણો કાનૂન આ
જો ચાહે રાહત તો રાહત આપું હું

[illegible]

جھنکار

اُلفت سے گریزاں زندگی دور ہے...... تو پھر وہ رنج سے مملو و معمور ہے

گر نہ سنے تو درد کی (الم انگیز) جھنکار...... تو نغمۂ حیات بے آہنگ ہے

جھنکار

آنسو، جن میں نہیں، وہ آنکھیں بے کار
جو درد سے خالی ہے، وہ دل ہے بیمار
گونگے ہو جائیں مُطربانِ عشرت
کانوں میں اگر نہ آئے غم کی جھنکار



کرتو۔ دے تو

گر طالبِ عزت ہے اوروں کی عزت کرتو
گر طالبِ الفت ہے اوروں سے کر اُلفت تو
قانون یہ قدرت کا ہے اٹل
راحت چاہے تو اوروں کو راحت دے تو

راحت کی تمنا

بھولے سے کسی کو نہ اذیت پہنچا
ہر فرد کو تا بابِ مسرت پہنچا
راحت کی تمنا ہے اگر اے صابر
لازم ہے کہ دوسروں کو راحت پہنچا



خودداری

ખુદી

ખુદી વિણ પ્રાપ્ત થાએ એ ખુશીઓમાં મઝા ક્યાં છે
નથી ઇજ્જત તો સ્વર્ગેમાંય જન્નતની ફિઝા ક્યાં છે
ખરા હકદાર જન્નતના ખરે છે વીરલાઓ એ
જે કર જોડી કહે રહેમતને – 'પાપીની સઝા ક્યાં છે'

ક્યાં ગઇ

પારકા ખાંધે જનારા, તારી હસ્તી ક્યાં ગઇ?
ખાકના મોહતાજ, તારી ખુદ પરસ્તી ક્યાં ગઇ?
તું હતો કે ના હતો એ પણ ન જગ જાણે હવે
દેહ તારો ક્યાં ગયો ને તારી મસ્તી ક્યાં ગઇ?

خودداری

خودداری کھو کے حاصل ہو خوشی، اس میں خدا کہاں ہے

عزت سنہ ہو تو باغ جناں میں بھی جنت کی فضا کہاں ہے..... فی الحقیقت حقیقی مستحق جنت وہ ابطال شجاعت ہیں

دست بستہ جو رحمت سے کہیں، گناہوں کی سزا کہاں ہے؟

خودداری

اس کی نہیں پروا کہ سزا پاؤں گا
فردوسِ بریں کی نہ ہوا کھاؤں گا
دریوزۂ رحمت نہ کروں گا معبود
خوددار ہوں دوزخ میں چلا جاؤں گا



کہاں گئی کیا ہوئی

پرائے کاندھے پہ جانے والے تیری ہستی کیا ہوئی۔ کو کیا ہوا

محتاجِ خاک تیری خود پرستی کیا ہوئی۔ کو کیا ہوا

تو تھا یا نہ تھا اب دنیا نہیں جانتی۔ تری ہست و بود سے بھی اب دنیا بے خبر ہے

کیف ترا کیا ہوا، تری ہستی کہاں گئی۔ کو کیا ہوا...... کیف تیرا کیا ہوا تیری ہستی کہاں گئی

لاش

وہ ولولے، وہ جاہ پرستی کہاں گئی؟
کل تک تھا جس پہ ناز وہ ہستی کہاں گئی؟
اے مشتِ خاک اب ہے کہاں وہ سرور و کیف؟
اے لاش منھ سے بول وہ مستی کہاں گئی

جگر دے

حسن کو دیکھ سکوں ذوق دے مجھکو
تاب جمال لا سکیں آنکھوں میں وہ اثر دے مجھکو

حسن کو دیکھ سکوں وہ نظر دے مجھکو
تاب جمال لا سکیں آنکھوں میں اثر دے مجھکو
محبت کی تیری نوازش ہو اس سے پہلے اے خدایا

જિગર દે

હુસ્નને જોઇ શકું એવી નજર દે મુજને
તેજ સાંખી શકું—આંખોમાં અસર દે મુજને
પ્રેમની તારી કૃપા થાય એ પહેલાં ઓ ખુદા!
પ્રેમના પુણ્યને સમજે એ જિગર દે મુજને

دل

مجھے نہ زندگی کامل عطا کر
نہ زندگی میں کوئی منزل عطا کر
مجھے انسان کا دل عطا کر

દિલ

મને ના જિંદગી કામિલ અતા કર
ન જીવનમાં કોઇ મંઝિલ અતા કર
મહા ઉપકાર થાશે અય ખુદા! તો
મને ઇન્સાનનું તું દિલ અતા કર

جگر دے

حسن کو دیکھ سکوں وہ نظر دے مجھ کو

تابِ جمال لاسکوں آنکھوں میں اثر دے مجھ کو..... محبت کی تیری نوازش ہوا سے پہلے اے خدایا

محبت کی پاکیزگی کا درک رکھتا ہوا ایسا جگر دے مجھ کو

نظر دے

اے حسن لطافتوں سے بھر دے مجھ کو
خود اپنے سے روشناس کر دے مجھ کو
دامن مرا ، آلودہ نہ ہونے پائے
اے جلوۂ جاناں وہ نظر دے مجھ کو



دل

مجھے زندگی کامل عطا کر

نہ زندگی میں کوئی منزل عطا کر

بہت احسان ہوگا اے خداگر...... مجھے تو انسان کا دل عطا کر

دل

نہ دولت نہ اِندر کی محفل عطا کر
نہ تختِ سلیماں نہ محمل عطا کر
دو عالم ، زمانے کو دے دے الٰہی
مجھے دل ، فقط دل، فقط دل عطا کر



મેઅરાજ

કદિ ઇન્સાનિયત સાથે વફા કર
દિમાગી ગર્વની કંઇ દવા કર
નમીને અન્યને તું દે ખુલંદી
કદી મેઅરાજ તો દિલને અતા કર

શું ભુલી શકું

પ્રમદાની યાદ હું ભૂલી શકું
ગમ તણી ફરિયાદ હું ભૂલી શકું
મોત હું ભૂલું–જીવન ભૂલું–મગર
શું જીવન બુનિયાદ હું ભૂલી શકું ?

معراج

کبھی انسانیت سے وفا کر...... ذہنی غرور کی کچھ دوا کر

جھک کے اوروں کو بلندی عطا کر

کچھ معراج تو دل کو عطا کر

معراج

بنتا نہیں کیوں راہِ وفا کا حلاّج
کرتا نہیں کس لئے تکبر کا علاج
جب تک کہ فروتنی سے جھکتا نہیں سر
حاصل ہوتی نہیں ہے دل کو معراج



کیا بھول سکتا ہوں

دلدار کی یاد میں بھول سکتا ہوں...... غم کی فریاد میں بھول سکتا ہوں

موت میں بھولوں زندگی بھولوں مگر

کیا بنیادِ حیات میں بھول سکتا ہوں

بھلا دوں کیوں کر

آدابِ نجات کو بھلا دوں کیوں کر
میں ذات وصفات کو بھلا دوں کیوں کر
افتادِ حیات تو بھلا سکتا ہوں
بنیادِ حیات کو بھلا دوں کیوں کر



નામ !

નામથી કામ હો જો કામને એ કામ નથી
કામથી કામ હો તો કામ એ નાકામ નથી
કામ કરવા થકી બદનામ જો થાઓ 'સાબિર'
એ સનદ કામની છે, નામ છે, બદનામ નથી

કવન !

કંટકોને જે હસાવે એ સુમન પેદા કર
ડૂબતી નૌકાને તારે એ વહન પેદા કર
વ્યર્થ વાતો થકી શો ફાયદો થાશે 'સાબિર'
ચીરે પથ્થરનાં કલેજાં એ કવન પેદા કર

نام

نام سے جس کام کو کام ہو وہ کام نہیں...... کام سے کام ہو تو وہ کام نا کام نہیں

کام کرنے سے بدنام ہو تم گر صآبر...... یہ سند کام کی ہے نام ہے بدنامی نہیں، بدنام نہیں

نام

نام سے جس کو کام ہے پیارے
ہاں اس کا نیک انجام نہیں
کام کی خاطر کام کرے جو،
کچھ نام سے اس کو کام نہیں
تم نے دل سے کام کیا ہے!
اے صآبر تم بدنام نہیں



خار کو خندہ زن کرے وہ گل پیدا کر...... ڈوبتی ناؤ کو بچائے وہ بہاؤ پیدا کر

فضول باتوں سے کیا فائدہ ہوگا صآبر، فضول باتیں بے سود ہیں صآبر

...... کے کلیجے کو شق کرے وہ اثر کلام میں پیدا کر

دھار

بنا اس طرح کی کشتی جو طوفانوں کو چکرا دے
بھرے کانٹوں میں بھی جو پھول وہ گلزار پیدا کر
